# درس ۴: فعل مستقبل کے باقی صیغہ

۱-ضَرَبَ ← تَضَرَبَ ← تَضْرِبُ **ھی** ضمیر فاعل اس میں مستتر ہے۔

۲- **تَضْرِبُ ← تَضْرِبَان۔ الف** تثنیہ کی علامت ہے اور ضمیر فاعلی بھی۔ اسکی ضمیر منفصل **ھُما** ہے۔

۳-**تَضْرِبُ ← تَضْرِبُنَ ← تَضْرِبْنَ ← یَضْرِبْنَ**۔ اس کا **نون** جمع مونث کی علامت اور ضمیر فاعل ہے۔ **ھُنَّ** ضمیر منفصل ہے۔

۴-ضَرَبَ ← تَضْرِبُ۔ اسکی ضمیر منفصل **انتَ** فاعل ہے جو مستتر ہے۔

۵-**تَضْرِبُ ← تَضْرِبَان ۔ الف** تثنیہ کی علامت ہے اور ضمیر فاعلی بھی۔ اسکی ضمیر منفصل **انتُما** ہے۔

۶-**تَضْرِبُ ← تَضْرِبُونَ۔ واو** علامت جمع مذکر اور فاعل کی ضمیر ہے۔ اسکی ضمیر منفصل**انتُم** ہے۔

۷-**تَضْرِبُ ← تَضْرِبُینَ ← تَضْرِبِینَ ۔ یاء** ساکنہ مخاطب مونث کی علامت اور فاعل کی ضمیر ہے۔ اسکی ضمیر منفصل **انتِ** ہے۔

۸- **تَضْرِبِینَ ← تَضْرِبِیانَ ← تَضْرِیانَ ← تَضْرِبَانِ**۔ اسکی ضمیر منفصل **انتُما** ہے۔

۹-**تَضْرِبِینَ ← تَضْرِبِینَنَ ← تَضْرِبْنَ۔ نون** جمع مونث کی علامت اور ضمیر فاعل ہے۔ اسکی ضمیر منفصل **اَنْتُنَّ** ہے۔

۱۰-ضَرَبَ ← اَضْرِبُ۔ **همزه (الف)** مستقبل کی اور واحد متکلم کی علامت ہے۔ اسکی ضمیر منفصل **آنا** ہے جو مستتر ہے۔

۱۱-ضَرَبَ ← نَضْرِبُ ۔ **نون** مستقبل کی اور جمع متکلم کی علامت ہے۔ اسمیں ضمیر **نحنُ** مستتر ہے۔